جشن آزادی کے سلسلے میں ایم کیو ایم یو کے کے زیر اہتمام کل برمنگھم میں اجتماع ہوگا

اجتماع سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

لندن۔۔۔16، اگست 2008ء۔۔۔پاکستان کے 61ویں ''یوم آزادی'' کے سلسلے میں ایم کیو ایم یو کے کے زیراہتمام کل بروز اتوار کو دوپہر دو بجے برمنگھم میں عوامی اجتماع منعقد ہوگا۔اجتماع سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔یہ اجتماع برمنگھم کی آسٹن یونیورسٹی کے گریٹ ہال میں منعقد کیا جائے گا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم یو کے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، برمنگھم یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد شرکت کریں گے۔دریں اثناء ایم کیو ایم یو کے یونٹ کی جانب سے جشن آزادی کے سلسلے میں منعقد ہونے والے اجتماع کی تیاریوں کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

حق پرست عوام زہرہ بیگم کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔16، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹس کمیٹی کے رکن عارف شفیق کی والدہ محترمہ زہرہ بیگم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ زہرہ بیگم کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ محترمہ زہرہ بیگم کینسر کے موذی مرض میں مبتلا ہیں اور شدید علالت کے باعث مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ہندو برادری کے مذہبی تہوار ''راکھی'' کی تقریب

ہندو خواتین کی جانب سے الطاف حسین کیلئے راکھیاں بھجوائیں

متحدہ قومی موومنٹ مذہب کی تفریق کے بغیر عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، شیخ لیاقت حسین

کراچی۔۔۔16، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ مذہبی اقلیتی امور کمیٹی کے تحت ہفتہ کی شب ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ہندو برادری کے مذہبی تہوار ''راکھی'' کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ہندو برادری کی خواتین اور مردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور تقریب میں شریک خواتین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے راکھیاں بھجوائیں۔اس موقع پر خواتین نے علامتی طور پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین، اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج سید منورالاسلام اور جوائنٹ انچارج عرفان حامد کو راکھیاں بھی باندھیں۔تقریب میں اقلیتی امور کمیٹی کے رکن پنڈت گوسوامی وجے کمار مہاراج نے راکھی کے مذہبی تہوار پر روشنی ڈالی۔قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین نے تقریب میں شریک ہندو برادری کے افراد کو راکھی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ رنگ ونسل، زبان عقیدہ اور مذہب کی تفریق کے بغیر عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت کو عبادت سمجھتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی برادری کے عوام کو پاکستان کا برابری کا شہری تسلیم کرتی ہے اوران کی خوشیوں میں برابر کی شریک ہے۔تقریب کے اختتام پر حق پرست اقلیتی اراکین سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف اور منورلعل نے خواتین میں ڈوپٹے اور شرکاء کیلئے مٹھائی بھی تقسیم کی۔

حق پرست شاعر محمد عظیم عاقل بریلوی کی نئی کتاب ''حرفِ آخر'' کی تقریب رونمائی 20 اگست کو منعقد ہوگی

تقریب رونمائی کی صدارت صوبائی وزیر عبدالروف صدیقی کریں گے

کراچی۔۔۔16، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کلچرل اینڈ لٹریری فورم کے زیراہتمام معروف حق پرست شاعر محمد عظیم عاقل بریلوی کی نئی کتاب ''حرفِ آخر'' کی تقریب رونمائی 20، اگست 2008ء بروز بدھ کو شام 6 بجے ''حکیم احسن لائبریری'' نیو کراچی یوسی نمبر 5 میں منعقد ہوگی۔تقریب رونمائی کی صدارت صوبائی وزیر روف صدیقی کریں گے جبکہ معروف دانشور، ڈرامہ نگار اور سابق صوبائی مشیر محترمہ فاطمہ ثریا بجیا مہمان خصوصی ہوں گی۔تقریب میں معروف شاعر ودانشور پروفیسر منظر ایوبی، محترم نقاش کاظمی، رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، وسیم آفتاب، نیو کراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد ذوالفقار اور کالم نگار ارشد حسین اظہار خیال کریں گے۔واضح رہے

کہ حق پرست شاعر جناب محمد عظیم عاقل بریلوی کی پہلی کتاب ''حرفِ مزاحمت'' مارچ 2007ء میں شائع ہو چکی ہے جو عوام میں بے حد مقبول ہے۔

ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن سلیم یامین کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆